* کلمتہ اللہ فی حیات روح اللہ

مذکورہ بالا آٹھ تحریروں میں سے اوّل الذکر دو اور آخر الذکر دو کو براہِ راست مطالعۂ مسیحیت سے متعلق قرار دیا جاسکتا ہے، جب کہ باقی چار میں مرزا غلام احمد قادیانی کے دعاویٰ کا تجزیہ ہے۔ جہاں تک "اسلام اور عیسائیت" کی ترتیب و تدوین کا تعلق ہے، اسے کسی لحاظ سے مثالی قرار نہیں دیا جاسکتا۔ نہ تو کوئی مقدّمہ لکھا گیا ہے اور نہ یہ بتایا گیا ہے کہ مولانا مرحوم کی یہ تحریریں اولاً کب شائع ہوئی تھیں، اور کتنی بار شائع ہوئیں۔ "کتابیات" اور اشاریوں کی تیاری کا "تکلف" بھی گوارا نہیں کیا گیا۔ مولانا مرحوم کے خاندان میں متعدد اہلِ علم موجود ہیں، کاش اُن کی توجہ سے مولانا مرحوم کی تحریریں دورِ حاضر کے معیار پر مرتّب ہوسکیں۔ ترتیب و تدوین کی خامیوں سے قطع نظر اصل تحریروں کی افادیت برقرار رہے۔

(ادارہ)

ازواجِ مطہرات اور مستشرقین

مؤلف : ظفر علی قریشی

مترجم : عاصی ضیائی

تقسیم کنندہ : ایس - آئی - گیلانی بک سیلرز، الرحمٰن بلڈنگ ریگل لین، ۶۰ - مال روڈ، لاہور

صفحات : ۶۱

سالِ اشاعت : ۱۹۹۴ء

قیمت : پچاس روپے

مغربی دُنیا کے مسیحی اور یہودی اہلِ قلم کے ایک طبقے نے اپنے مذہبی تعصبات اور سیاسی مفادات کی خاطر اسلام اور نبی اکرم ﷺ کی ذات اقدس پر وقت کے تقاضوں کے مطابق کبھی کھلم کھلا اور کبھی ڈھکے چھپے، ایسے اعتراضات کیے ہیں جو منصف مزاج اہلِ علم کے نزدیک بے معنی اور مضحکہ خیز ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی ازدواجی زندگی کے حوالے سے پروفیسر ظفر علی قریشی نے ایک مقالے میں مستشرقین کے اعتراضات کا جائزہ لیتے ہوئے تاریخی و دینی تناظر میں صورتِ حال واضح کی ہے۔ یہ مقالہ اُنھوں نے جامعہ ازہر (قاہرہ) کے زیر اہتمام منعقدہ ایک کانفرنس میں پیش کیا تھا جو بعد ازاں اسلام آباد

سے The Mothers of Believers کے نام سے شائع ہوا۔ پروفیسر عاصی [آسی] ضیائی نے اِس کا سادہ اور رواں ترجمہ کیا ہے۔

مؤلف سیرت کے وسیع لٹریچر اور بالخصوص مستشرقین کی تحریروں پر نظر رکھتے ہیں، چنانچہ اُن کا حاصلِ مطالعہ قابلِ قدر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تعدد ازواج کی غایت عمدہ طریقے سے بیان کر دی گئی ہے اور ساتھ ہی منصف مزاجی پر مبنی ایسے متعدد اقتباسات درج کر دیے گئے ہیں جو مستشرقین کی بدلتی ہوئی آراء کا مظہر ہیں۔ مقدمہ نگار علاّمہ سیّد شبیر بخاری نے مؤلف کو اِس مقالے پر بجا طور پر خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ (ادارہ)

چند کتابچے

*عیسیٰ علیہ السلام بزبانِ خود (تحریر ڈاکٹر محمد ایوب خان)

ادارہ اشاعت قرآن، ۲۹۴ توسیع کیولری گراونڈ، لاہور کے شائع کردہ کتابچے کا لبِ لباب جناب مؤلف کے الفاظ میں یہ ہے۔

> چار انجیلیں--- عیسیٰ علیہ السلام کے حالات و تقاریر پر لکھی ہوئی تاریخ ہے جو چار شخصوں نے لکھی اور وہ کتابیں اِس زبان میں نہیں لکھی گئیں جو عیسیٰ علیہ السلام بولتے تھے بلکہ بہت بعد میں یونانی زبان میں لکھی گئیں۔ اِس کے باوجود ان میں سچائی موجود ہے اور عیسائیوں کے ابنِ خدا اور کفّارہ وغیرہ کے عقیدوں کا کوئی ذکر نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے انجیل کی تصدیق کی یعنی اِس کی سچّی باتوں کو سچ کہا اور غلطیوں کی وجہ سے محرّف بھی کہہ دیا۔

تین روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر یہ پمفلٹ ناشر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

* توحید یا تثلیث اور مسئلہ کفّارہ کی حقیقت (تحریر مولانا عبداللطیف مسعود)

* پاکستان میں مسیحی آبادی (تحریر محمد اسلم رانا)

*ضرورت ہے مسیحی سوچ میں تبدیلی کی (تحریر محمد اسلم رانا)

اوّل الذکر کتابچہ عالمی مجلس تحفّظ ختم نبوت جامع مسجد خضریٰ ڈسکہ کی پیشکش ہے۔ آخر الذکر دو کتابچے پاکستان کی مسیحی برادری کے حوالے سے لکھے گئے ہیں اور اسلامی مشن - سنت نگر لاہور نے شائع کیے ہیں۔